نزدیک ولی کے بغیر نکاح منعقد ہی نہیں ہوتا۔اسی طرح امام احمد بن حنبل کے نزدیک ولی کا ہونا شرط ہے۔امام مالک بھی ولی کی اجازت ضروری قرار دیتے ہیں۔

سپریم کورٹ آف پاکستان اور اس سے قبل وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ فقہِ حنفی کی مقتضیات پوری کرتا ہے اور پاکستان کی اکثریتی آبادی کے لئے فقہاء کی بیان کردہ تصریحات کے مطابق اس کے نافذ العمل ہونے میں کوئی قباحت نہیں تاہم دیگر مذاہب / مسالک کے پیروکاروں کو اس بات کی اجازت ہونی چاہئے کہ وہ اس مسئلہ میں اپنے اپنے فقہاء کی بیان کردہ ادلہ کے مطابق اپنے معاملات میں اپنی فقہ کو Follow کرنے (اپنانے) میں آزاد ہوں۔آزادی پسند اور اباحیت کو عام کرنے کی خواہش مند این جی اوز کی وظیفہ خوار خواتین کے لئے اس میں خوشی کی کوئی بات نہیں کہ اس سے پاکستان کے فیملی سسٹم کو مزید تقویت ملے گی اور لوگ محتاط ہو کر یہ کوشش کریں گے کہ اس سے قبل کہ بچیاں اپنا مستقبل بنانے کے حوالہ سے کوئی غلط فیصلہ کر بیٹھیں ان کی رضامندی سے وہ خود ہی ان کے مستقبل کا جلد فیصلہ کریں گے۔

اسلامی بنکاری میں مثبت پیش رفت

اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے اپنے سیٹ اپ میں ایک مستقل اسلامک بنکنگ ڈیپارٹمنٹ قائم کرنے کے بعد اب اپنا شریعت بورڈ بھی تشکیل دے دیا ہے۔جس میں ملک کے ممتاز ماہرینِ علوم اسلامی و بنکاری کو رکن نامزد کیا گیا ہے۔ہم اسٹیٹ بنک آف پاکستان کے شریعہ بورڈ کے چیئرمین جناب ڈاکٹر محمود احمد غازی صاحب اور دیگر اراکین کو مبارک باد پیش کرتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ وہ اسلامی بنکاری کے سلسلہ میں اپنی کوششیں مزید تیز تر کرتے ہوئے اس راہ میں حائل دیرینہ رکاوٹوں کو جلد دور کرلیں گے۔

ادھر صوبہ سرحد میں بنک آف خیبر نے اسلامی بنکاری کی باضابطہ افتتاحی تقریب کر ڈالی ہے اور عوام کو اسلامی بنکاری کے ثمرات سے مستفید ہونے کی دعوت دی ہے۔مگر عوام اس بنکاری کے شعبہ سے صحیح معنوں میں اسی صورت میں مستفید ہو سکیں گے جب انہیں اس کی تفصیلات کا علم ہوگا اور تفصیلات کے لئے ضروری ہے کہ بنک اتھارٹیز الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعہ اس کی

تشہیر اس انداز سے کریں کہ لوگ اس کی تفصیلات سے آگاہ ہوں۔ خالی اطلاعاتی و ترغیبی اشتہارات سے یہ مقصد پورا نہ ہوگا۔ خدشہ ہے کہ اگر مناسب انداز میں Public Awairness کا اہتمام نہ ہوا (عوام کو اس کی تفصیلات سے صحیح طور پر آگاہ نہ کیا جاسکا) تو وہ اس میں سرمایہ کاری کرنے یا اکاؤنٹ کھولنے میں دلچسپی نہ لے پائیں اور پھر یہ تاثر قائم ہونے لگے کہ اسلامی بنکاری ناکام رہی ہے۔ اندیشہ ہے کہ اس طرح یہ نظام پاکستان میں کامیاب ہونے کی بجائے ناکامی کی طرف نہ بڑھ جائے۔ ان تمام تحفظات کے ساتھ ہم بنک آف خیبر کے متعلقہ افسران و مجاز اتھارٹیز کو اسلامی بنکاری شروع کرنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ مجلّہ فقہ اسلامی، اسلامی بنکاری کے فروغ کے حوالہ سے اسٹیٹ بنک آف پاکستان اور دی بینک آف خیبر کو مکمل تعاون کا یقین دلاتا ہے۔

ڈاکٹر نور احمد شاہتاز صاحب کے متنوع مضامین کا مجموعہ شائع ہو گیا

بعض موضوعات بالکل نئے اور اچھوتے

آج ہی طلب کیجئے

رطب و یابس

خوبصورت رنگین ٹائٹل، آفسٹ پیپر، ۳۰۸ صفحات قیمت ۱۰۰ روپے

مکتبہ کاروانِ قمر

دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ پنجاب کالونی کراچی

ایک عابد پر عالم کی فضیلت ایسی ہے جیسے کہ چاند کی فضیلت دوسرے تمام ستاروں پر (سنن ابو داود و ترمذی)